★
راسخ عرفانی

نذرِ عقیدت

حرفِ خاموش ہیں جبریلِ امیں آپؐ کے بعد
ختم ہے سلسلۂ وحیِ مبیں آپؐ کے بعد

کس نے بندوں کو کیا حق کے قریں آپؐ کے بعد
کون پہنچا ہے سرِ عرشِ بریں آپؐ کے بعد

دہر میں حضرتِ موسیٰ بھی چلے آئیں اگر
وہ طاعت کے سزاوار نہیں آپؐ کے بعد

چشمِ مشتاق نے دیکھا ہے تحمّل ایسا
نہ کہیں آپؐ سے پہلے نہ کہیں آپؐ کے بعد

آپؐ کے علم سے فاران کے ذرّے چمکے
کس کو خدّام کہیں فخرِ زمیں آپؐ کے بعد

چھپ گئیں ابر کے جلووں میں عروسانِ فلک
پڑ گئی ماند ستاروں کی جبیں آپؐ کے بعد

عرصۂ حشر میں راسخ کو نہ تنہا چھوڑیں
کون پوچھے گا اسے رہبرِ دیں آپؐ کے بعد